دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پائے دار اضافی مینوفیکچرنگ اینڈ انڈسٹری چار اعشاریہ صفر کے موضوع پر اے آئی سی ٹی ای کا اسپانسرڈ آن لائن فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کا افتتاح کیا

New Delhi, November 12, 2025

ڈپارٹمنٹ آف میکانیکل انجینئرنگ، فیکلٹی آف انجینیئرنگ اینڈ ٹکنالوجی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'ایڈوانسمینٹس اینڈ اپلی کیشنس آف سسٹین ایبل ایڈیٹیو مینوفیکچرنگ اینڈ انڈسٹری فور پوائنٹ زیرو' کے موضوع کے پر دس نومبر دو ہزار پچیس کو اے آئی سی ٹی ای کا اسپانسرڈ ایک ہفتے کا آن لائن فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی پی) کا افتتاح کیا۔ دس نومبر دو ہزار پچیس تا پندرہ نومبر دو ہزار پچیس تک چلنے والے اس فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کا مقصد فیکلٹی اراکین، محققین اور ماہرین کو پائے دار اضافی مینوفیکچرنگ اینڈ انڈسٹری چار اعشاریہ صفر ٹکنالوجی کی جدید پیش رفتوں کے جائزے کے لیے ایک سرگرم پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔

پروگرام کا افتتاحی اجلاس آن لائن وضع میں منعقد ہوا جس میں ار۔ کے۔ پاٹھک، سابق ڈائریکٹر (ڈی ایف ٹی ایم) ڈی آر ڈی او بطور مہمان خصوصی اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ بطور مہمان اعزازی شریک ہوئے۔ فیکلٹی آف انجینئرنگ کے ڈین پروفیسر محمد شریف نے بطور اسپیشل گیسٹ پروگرام میں شرکت کی اور پروفیسر محمد شعیب کارگزار صدر، شعبہ میکانیکل انجینئرنگ نے بھی اس موقع پر پروگرام میں شریک ہوکر سامعین کو خطاب کیا اور اپنے گراں قدر خیالات سا جھا کیے۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے ایسے ترقی پسند اور موثر پروگرام کے انعقاد کے لیے ڈپارٹمنٹ آف میکانیکل انجیئرنگ کی تعریف کی۔ انہوں نے اشتراک، اختراعیت اور تحقیقی افضلیت کے فروغ کے ساتھ اعلی تعلیم کے معیار کو بہتر کرنے میں فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کی اہم رول پر زور دیا۔ موضوع کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ''انڈسٹری فور پوائنٹ زیرو ٹکنالوجیز بشمول خودکار، ربوٹکس، آئی او ٹی، اور ڈیٹا انالیٹکس عالمی مینوفیکچرنگ کے منظرنامے پر از سرنو تشکیل دے رہی ہیں۔ اور جب یہ ایڈیٹیو مینوفیکچرنگ کے ساتھ مربوط ہوجائے تو اس میں فضلہ میں تخفیف، کارکردگی کو بہتر کرکے اور ماحولیاتی ذمہ داری کو یقینی بنا کر صنعتوں میں انقلاب برپا کرنے کی بے پناہ صلاحیتیں رکھتی ہیں''۔

ایف ڈی پی کے کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر توصیف الدین صدیقی کی استقبالیہ تقریر سے پروگرام کا آغاز ہوا جس کے بعد کوکوآرڈی نیٹر ڈاکٹر محمد جاوید نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر صدیقی نے سامعین کو پروگرام کے اغراض ومقاصد سے اجمالی طور پر آگاہ کرایا اور تکنیکی تعلیم اور تحقیقی افضلیت کے فروغ میں متواتر تعاون فراہم کرنے کے لیے اے آئی سی ٹی ای کا شکریہ ادا کیا۔

پروگرام کو ہاتھوں ہاتھوں لیا گیا اور ہندوستان کی تعلیمی اکائیوں اور صنعتوں سے ایک سو سینتالیس شرکا بشمول فیکلٹی اراکین، ریسرچ اسکالر شریک ہوئے۔ ہفتے بھر کا ایف ڈی پی سولہ اجلاس پر مشتمل ہے جس میں سرکردہ تعلیمی اداروں اور صنعتوں کے ممتاز مقررین کے خطبات ہوں گے۔ پہلا تکنیکی سیشن ایڈیٹو مینوفیکچرنگ کے میدان کے مشہور و معروف ماہر آئی آئی ٹی دہلی کے پروفیسر پی۔ ایم۔ پانڈے کا ہوا۔

ایف ڈی پی کو پائے دار ترقی اور تکنیکی اختراعیت کی قومی ترجیحات سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے مندوبین نے ڈپارٹمنٹ آف میکانیکل انجینئرنگ کو مبارک باد دی۔ پروگرام کے انعقاد کے سلسلے میں ڈاکٹر توصیف صدیقی اور ڈاکٹر محمد جاوید کی کوششوں اور ان کے عہد کے لیے مندوبین نے ان کی تعریف کی۔

شعبہ نے اے آئی سی ٹی ای کا اس کے فراخ دلانہ فنڈنگ اور تعاون کے لیے اور پروفیسر مظہر آصف، عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو ان کی متواتر حوصلہ افزائی اور تعلیمی افضلیت کے فروغ میں ان کے قائدانہ رول کا پرخلوص شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر محمد شریف، ڈین، فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی کا ان کی مسلسل تحریک اور پروگرام کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے ان کی رہنمائی کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا گیا۔

ڈاکٹر محمد جاوید کے اظہار تشکر پر افتتاحی اجلاس کا اختتام ہوا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ